بحوالہ برہان اگست ۱۹۵۱ء ص ۷۶)

"ہم لوگوں (یعنی رسول اللہ کے صحابیوں) سے احادیث کو حاصل کرو۔ خدا کی قسم اگر تم ایسا نہ کرو گے تو گمراہ ہو جاؤ گے۔"

گویا احادیث کو اخذ کرنے کا معیار یہ قائم ہوا کہ یہ صرف رسول اللہ کے فیض یافتہ صحابیوں سے ہی قبول کی جائے۔ پہلا معیار جو حضرت علی رضؓ نے قائم کیا تھا وہ درایت سے متعلق تھا۔ اب یہ دوسرا معیار روایت کی بنیاد کے طور پر سامنے آیا۔ اور اس طرح دورِ صحابہ رضی اللہ عنہم میں ہی موضوع احادیث کی جانچ پڑتال اور ان سے بچاؤ کی حفاظت کے لیے روایت و درایت کی بنیاد رکھ دی گئی۔ (جاری ہے)

شعر و ادب

جناب راسخ عرفانی

حدیثِ ختمِ رسلؐ

کلامِ حق کی وضاحت حدیثِ ختم رسلؐ!
چراغِ راہِ شریعت حدیثِ ختمِ رسلؐ!

حسین طرزِ تکلّم، دھنک دھنک جملے
عروجِ رنگِ فصاحت حدیثِ ختمِ رسلؐ!

حبیبِ ربِّ جہاں کا کلامِ جاں پرور
زبانِ پاک کی نکہت حدیثِ ختمِ رسلؐ!

ہجومِ دولت و زر میں قناعتوں کا بھرم
حروفِ فقر کی عظمت حدیثِ ختمِ رسلؐ!

عداوتوں کے خدنگوں کے زخم کا تریاق
پیامِ صلح و اخوت حدیثِ ختمِ رسلؐ!

ہوائے جنّتِ طیبہ، شمیمِ خلدِ حرم
بہارِ گلشنِ امّت حدیثِ ختمِ رسلؐ!

جہانِ کذب کی تیرہ فضا میں ہے راسخؔ
فروغِ شمعِ حقیقت حدیثِ ختمِ رسلؐ!